**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/11/4 ***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے 4$ ملین کے دماغی صحت سکالرشپ پروگرام کے پہلے وصول کنندگان کا اعلان***

***فنڈنگ سے دماغی صحت کے شعبے میں کم نمائندگی والے انڈرگریجویٹ اور گریجویٹ طلباء و طالبات کی برقراری اور تکمیل کی شرح میں اضافہ ہو گا***

***پروگرام کا مقصد دماغی صحت کے پیشہ ور افراد کی دستیابی کو وسعت دینا اور متنوع بنانا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج 4$ ملین کے سکالرشپ پروگرام کے پہلے وصول کنندگان کا اعلان کیا ہے جو نیو یارک سٹیٹ یونیورسٹی اور سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک میں ذہنی صحت کے ڈگری پروگراموں میں داخل ہونے یا ان میں داخلہ لینے والے کم نمائندگی والے طلباء و طالبات کی مدد کے لیے ہیں۔ اس پروگرام کا مقصد نیو یارک کی ذہنی صحت کی افرادی قوت کو وسعت دینا اور متنوع بنانا ہے، جس میں نسلی اور نسلی اقلیتوں کی کافی نمائندگی نہیں ہے، خاص طور پر ایسے کرداروں میں جن کے لیے اعلٰی درجے کی ڈگریوں یا تعلیم پر مبنی سرٹیفیکیشن کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ پروگرام ریاست نیو یارک کے دفتر برائے دماغی صحت کو دی جانے والی وفاقی گرانٹ سے ممکن ہوا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "SUNY اور CUNY کے ساتھ اس شراکت داری کے ذریعے، ہم صحتِ عامہ کا ایک ایسا نظام بنانے کی طرف ایک اہم قدم اٹھا رہے ہیں جو ان علاقوں کی حقیقی عکاسی کرتا ہے جن کی یہ خدمت کرتی ہیں۔ تازہ ترین وصول کنندگان کو مبارکباد جن کی اس شعبے کے لیے لگن نیو یارک کے تمام مکینوں کے لیے ایک صحت مند، زیادہ مساوی مستقبل میں حصہ ڈالے گی"۔

شامل کیے جانے والے پہلے وصول کنندگان میں SUNY کے چھ مختلف کیمپسز کے 11 طلباء و طالبات شامل ہیں۔ وصول کنندگان ہیں:

- **Daisy Calvario Velasco**، انسانی ترقی کے مرکزی مضمون کے سالِ دوم میں، بنگھیمٹن یونیورسٹی
- **Celine DeCambre**، جونیئر سائیکالوجی مرکزی مضمون، یونیورسٹی ایٹ بفلو
- **Caitly Dominici**، جونیئر سائیکالوجی مرکزی مضمون، پرچیز کالج
- **Michelle Dong**، عمرانیات کے مرکزی مضمون کے سالِ دوم میں، البانی یونیورسٹی
- **Jeannette Guasio**، سماجی خدمت میں ماسٹرز کے سالِ اول کی طالبہ، بنگھیمٹن یونیورسٹی
- **Quinn Hendershot**، کلینیکل سائیکالوجی میں ڈاکٹریٹ کی سالِ دوم کی طالبہ، بنگھیمٹن یونیورسٹی
- **Theresa Meija**، کلینیکل سائیکالوجی میں ڈاکٹریٹ کی سالِ دوم کی طالبہ، البانی یونیورسٹی
- **Luiza Perez Ortiz**، مینٹل ہیلتھ کونسلنگ میں ماسٹرز کی سالِ اول کی طالبہ، یونیورسٹی ایٹ بفلو
- **S. Rashid**، سائیکالوجی میں ماسٹرز کی سالِ اول کی طالبہ، بفلو یونیورسٹی

- **Ramsha Suhail**، مینٹل ہیلتھ کونسلنگ میں ماسٹرز کی سالِ اول کی طالبہ، SUNY اولڈ ویسٹبری
- **Esther Turay**، جونیئر سائیکالوجی کا مرکزی مضمون، یونیورسٹی ایٹ بفلو

اگست 2022 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ SUNY اور CUNY میں سے ہر ایک کو دماغی صحت کے ڈگری پروگراموں میں کم نمائندگی کرنے والے طلباء و طالبات کی مدد کے لیے ریاست نیو یارک کے دفتر برائے دماغی صحت سے 2$ ملین ملے ہیں۔ سکالرشپ پروگرام کے لیے منتخب کردہ طلبہ کو مالی وظیفہ فراہم کیا جائے گا جوں جوں وہ پروگرام میں آگے بڑھیں گے؛ ذہنی صحت کے پیشہ ور افراد کے ساتھ رہنمائی؛ افزودگی کے پروگرام جن میں ذہنی صحت کے پیشہ ور افراد اور عملی میدان میں ماہرین کی پیشکشیں شامل ہیں؛ نیز دماغی صحت کی سہولیات اور/یا ذہنی صحت فراہم کرنے والوں کے ساتھ انٹرن شپس۔

دماغی صحت کا شعبہ، بہت سے طبی پیشوں کی طرح، طبی ماہرین کی خاصی کمی کا سامنا کر رہا ہے، خاص طور پر ایسے معالجین جو کثیر لسانی ہیں، جس سے انگریزی زبان میں مہارت نہ رکھنے والوں کے لیے رسائی، معیار اور علاج میں تفاوت پیدا ہو رہا ہے۔ طلبہ کو فائدہ مند پیشہ اپنانے کے لیے ہنر اور اسناد کے حصول میں مدد کرنے کے علاوہ، یہ اقدام ثقافتی طور پر متعلقہ طریقے سے فراہم کی جانے والی خدمات کی سطح کو بڑھا کر ریاست کی متنوع برادریوں میں پائے جانے والے ذہنی صحت کے تفاوت کو کم کرنے کے لیے کام کرتا ہے۔

**ریاست نیو یارک کے دفتر برائے دماغی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan نے کہا،** "دفتر برائے دماغی صحت (Office of Mental Health, OMH) کو اس سکالرشپ پروگرام کو کم نمائندگی والے طلباء و طالبات کے لیے تشکیل دینے پر فخر ہے جو ذہنی صحت کے پیشہ ور بننے کے خواہش مند ہیں۔ SUNY اور CUNY کے ساتھ ہماری شراکت داری ہمیں مزید متنوع ذہنی صحت سے متعلق افرادی قوت بنانے میں مدد دے گی جو ہمیں ریاست بھر میں کم سہولیات یافتہ اور پسماندہ برادریوں کے ساتھ بہتر طور پر مشغول ہونے اور کام کرنے کے قابل بنائے گی"۔

**سٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر John B. King، جونیئر نے کہا،** "ایک ایسے وقت میں جب ذہنی صحت کی دیکھ بھال پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے، ہمیں ذہنی صحت کے پیشوں میں غیر سفید فام طلباء کی کم نمائندگی پر لازماً قابو پانا چاہیے۔ SUNY ذہنی صحت کے شعبے کو متنوع بنانے کے لیے پُرعزم ہے کیونکہ ایک انتہائی ہنر مند، متنوع افرادی قوت کے نتیجے میں مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور صحت کے نتائج برآمد ہوتے ہیں، اور اس لیے کہ یہ معاشی اور جذباتی طور پر فائدہ مند پیشے سب کے لیے خوش آئند ہیں۔ میں گورنر Kathy Hochul کی قیادت اور ریاست نیو یارک کے دفتر برائے دماغی صحت کی حمایت اور شراکت داری کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں"۔

**نمائندے Paul Tonko نے کہا،** "ہماری دماغی صحت کی افرادی قوت طویل عرصے سے تنوع کی کمی کی مشکل سے دوچار ہے، اور یہ مستقل مسئلہ بھی اکثر غیر سفید فام برادریوں کے لیے رسائی کی مزید کمی اور غیر متناسب دیکھ بھال کا باعث بنتا ہے۔ ہمیں اپنے ملک کے تعلیمی پروگراموں کو متنوع بنانے اور طلباء و طالبات کو اس شعبے کو آگے بڑھانے کے لیے بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔ اس مقصد کے لیے، میں یہ دیکھ کر بہت پُرجوش ہوں کہ اس وفاقی فنڈ کو ہماری ریاست بھر کے طلباء و طالبات تک پہنچایا جا رہا ہے۔ میں Michelle، Theresa، اور ان تمام طلباء و طالبات کو ان وظائف پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جن کے وہ مستحق ہیں، اور اپنی برادری کی خدمت کرنے اور انہیں واپس لوٹانے کے لیے ان کی بے پناہ صلاحیتوں کو استعمال کرنے کے لیے میری طرف سے شکریہ"۔

**نمائندے Adriano Espaillat نے کہا،** "ان نوجوان طلباء و طالبات میں سے ہر ایک کو مبارکباد کہ وہ اپنے تعلیمی سفر کے اگلے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں اور اس اہم سکالرشپ فنڈ کے پہلے وصول کنندگان بننے پر جس کا مقصد دماغی صحت کے شعبے میں اقلیتوں کی نمائندگی کو بڑھانا ہے۔ وہ امید اور کامیابی کے روشن مینار ہیں اور میں اس فرق کا منتظر ہوں جو وہ ہمارے علاقے میں دوسروں کی زندگیوں میں پیدا کریں گے"۔

**سٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے متعلق**

سٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک، امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کا سب سے بڑا جامع نظام ہے؛ اور نیو یارک کے تمام باشندوں میں سے 95 فیصد سے زائد SUNY کے 64 کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سے کسی ایک سے 30 میل سے کم فاصلے پر رہتے ہیں۔ اس پورے نظام میں، SUNY کے پاس چار تعلیمی مراکز صحت، پانچ ہسپتال، چار میڈیکل سکول، دو ڈینٹل سکول، ایک لاء سکول، ریاست کا واحد کالج آف آپٹومیٹری ہے؛ اور یہ امریکی محکمۂ توانائی کی ایک نیشنل لیبارٹری کا انتظام چلاتا ہے۔ مجموعی طور پر، SUNY تقریباً 1.4 ملین طلباء کو اپنے پورے پورٹ فولیو کے کریڈٹ اور نان کریڈٹ بیئرنگ کورسز اور پروگراموں، تعلیم جاری رکھنے اور کمیونٹی میں رسائی کے پروگراموں سے خدمات فراہم کرتا ہے۔ SUNY نیو یارک میں ہونے والی تعلیمی تحقیق میں سے تقریباً ایک چوتھائی کی نگرانی کرتی ہے۔ اس پورے نظام کے تحقیق کے اخراجات مالی سال 2022 میں تقریباً 1.1$ بلین ہیں، جن میں طلباء و طالبات اور تدریسی عملے کی جانب سے قابلِ ذکر مالیت کے چندے شامل ہیں۔ دنیا بھر میں تین ملین سے زائد SUNY کے سابق طلباء و طالبات ہیں اور نیو یارک کے کالج کی ڈگری کے حامل ہر تین باشندوں میں سے ایک SUNY سے فارغ التحصیل ہے۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ SUNY مواقع کیسے پیدا کرتا ہے، www.suny.edu ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418